الحمدللہ کہ ندوۃ المصنفین کے اُجڑے اور بکھرے ہوئے کاموں کے سرے پھر سے جُڑنے شروع ہوگئے ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گردشِ ایام کی لپیٹ میں آئے ہوئے اس مرکزِ تالیفی سے ابھی قدرت کو کچھ اور خدمت لینی ہے۔

قدیم مطبوعات کے جدید ایڈیشن بھی نکل رہے ہیں اور جدید تالیفات کی ترتیب و طباعت کا کام بھی خوش اسلوبی سے ہو رہا ہے۔ غلامانِ اسلام، قصص القرآن سوم، قرآن اور تصوف، سرمایہ اور لغات القرآن جلد اوّل کے نئے ایڈیشن تیار ہو چکے ہیں، اخلاق اور فلسفۂ اخلاق اور قصص القرآن چہارم زیر طبع ہیں۔ نئی کتابوں میں ادارے کی مہتم بالشان کتاب ترجمان السنۃ جلد ثانی کے بڑے حصہ کی کتابت ہو چکی ہے اور اُمید ہے ان شاء اللہ اس جلد میں کم سے کم پانچ سو حدیثیں مع ترجمہ اور تشریحی نوٹوں اور ضروری بحثوں کے سما جائینگی، جن اصحاب کو ترجمان السنۃ جلد اول کے مطالعہ کا موقع ملا ہے وہ جلد ثانی کی خصوصیتوں کا اچھی طرح اندازہ کر سکتے ہیں، دوسری اہم اور مفید کتاب لغات القرآن جلد چہارم کی ترتیب کا کام بھی اب قابلِ اطمینان طریقے پر ہو رہا ہے اور یقین ہے یہ جلد سال رواں کے کسی حصہ میں تیار ہو کر پریس سے آجائیگی۔ سلسلۂ تاریخ ملت کی تسوید برسوں سے چھوٹی ہوئی تھی، شکر ہے کہ اب یہ کام بھی تیزی سے ہو رہا ہے۔ تاریخ ملت حصہ چہارم (خلافت ہسپانیہ) زیر طبع ہے اور باقی حصص زیر ترتیب ہیں اُمید ہے اس سال اس مفید سلسلے کے کئی حصے قدر دانوں کے ہاتھوں میں آجائینگے۔

ادارے کے کاموں کو مالی امداد دینے کے لیے "مکتبۂ برہان" کے نام سے جو کتب خانہ قائم کیا گیا تھا ہر قسم کے تلخ و ترش حالات کے باوجود یہ مکتبہ بھی اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں ہے۔ مکتبہ کی طرف سے ۲۲×۲۹/۸ تقطیع پر ایک شاندار مترجم قرآن مجید شائع ہوا ہے اس کے متن کا قلم نہایت روشن اور ترجمہ حضرت مولانا تھانوی کا ہے۔ دوسرا قرآن مجید ۲۰×۲۶/۸ سائز پر بلا ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ اس کا قلم بھی بہت صاف ہے اور ہر صفحہ پر آیت ختم ہوتی ہے۔ بچوں کے لیے قرآن کریم کا یہ نسخہ بہت مفید سمجھا جا رہا ہے۔ ۴

۴ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن مرحوم کی شہرۂ آفاق کتاب "اشاعت اسلام" کئی سال سے مکتبہ کے پروگرام میں شامل تھی الحمدللہ کہ اب یہ بھی پریس سے بہت جلد آنے والی ہے۔